**PAPER CODE-7204**

1st Annual 2024 دہم کلاس

| وقت = 20 منٹ | حصہ معروضی | اسلامیات اختیاری |
|---|---|---|
| کل نمبر = 15 | DGK-2-24 | گروپ : دوسرا |

**ہدایات:** ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**سوال نمبر1:**

1۔ " الٓمّٓ " کہلاتے ہیں۔
(A) حروف جارہ (B) حروف علت (C) حروف مقطعات (D) حروف عطف

2۔ عدل کا مطلب ہے۔
(A) قانون (B) اونچا (C) سیدھا (D) مساوی بدلہ

3۔ ثبوت شہادت کا ذمہ دار ہے۔
(A) مدعی (B) مدعا علیہ (C) وکیل (D) فریقین

4۔ قاضی نے ابو تراب کس کو کہہ کر پکارا ؟
(A) حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (B) حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(C) حضرت عثمان غنی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (D) حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ

5۔ حضرت نوح علیہ السلام کا پیشہ تھا۔
(A) خطاطی (B) نجاری (C) خیاطی (D) بزازی

6۔ کس عبادت کے دورانِ سفر میں تجارت جائز ہے ؟
(A) نماز (B) زکوٰۃ (C) روزہ (D) حج

7۔ کس صحابی رسول خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا گیا ؟
(A) حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (B) حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(C) حضرت معاذ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (D) حضرت اسامہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ

8۔ وضو سے طہارت حاصل ہوتی ہے۔
(A) اخلاقی (B) مکانی (C) جسمانی (D) فکری

9۔ " عِلْمُ الْاَبْدَان " ہے۔
(A) دین کا علم (B) جسم کا علم (C) معاش کا علم (D) جنگ کا علم

10۔ فعل امر کے صیغے ہوتے ہیں۔
(A) 3 (B) 6 (C) 9 (D) 12

11۔ " یَکْتُبُ " مثال ہے۔
(A) مضارع کی (B) ماضی کی (C) فعل نہی کی (D) فعل امر کی

12۔ بدگمانی لے جاتی ہے۔
(A) گناہ کی طرف (B) غرور کی طرف (C) نیکی کی طرف (D) جھوٹ کی طرف

13۔ " اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ " کا معنی ہے۔
(A) خوشی (B) بچت (C) بڑی کامیابی (D) تحفظ

14۔ نابالغ یتیم کے مال سے خرچ کرنا ـــــــــــــــ ہے۔
(A) حرام (B) غیر قانونی (C) مکروہ (D) نامناسب

15۔ جس نے شکر ادا کیا لوگوں کا گویا اس نے شکر ادا کیا۔
(A) رشتہ داروں کا (B) دوستوں کا (C) اللہ تعالیٰ کا (D) ہمسایوں کا



ParhloPakistan.com

1st Annual 2024 دہم کلاس

اسلامیات اختیاری | حصہ انشائیہ | وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : دوسرا | حصہ اول | کل نمبر= 60

DGK-2-24

**سوال نمبر: 2** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | قیامت کا پہلا مرحلہ بیان کیجیے۔ | ii | کیوں کر منافقین مشرکین سے بدتر ہیں ؟ |
| iii | ضدی سائل سے کیسا سلوک کرنا چاہیے ؟ | iv | قرآن پاک کی رو سے دو مسلمانوں کے گروہوں میں نزاع کی صورت میں کیا کرنا چاہیے ؟ |
| v | ایک قاتل کو تمام انسانیت کا قاتل قرار دیا گیا۔ کیوں ؟ | vi | غیبت کے دو نقصانات بیان کیجیے۔ |
| vii | اکل حلال کی کیا اہمیت ہے ؟ وضاحت کیجیے۔ | viii | قرآن مجید کی کس سورۃ کو سورۃ توحید کہتے ہیں ؟ |

**سوال نمبر: 3** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | مجاہدین اسلام کی چار خوبیاں بیان کیجیے۔ | ii | اسلام کا سب سے بڑا مشن کیا ہے ؟ مختصراً لکھیے۔ |
| iii | ہمسائے کے حقوق کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیے۔ | iv | حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے پیشوں کے نام لکھیے۔ |
| v | انسان کو دوسری مخلوقات پر فضیلت میں علم کا کردار لکھیے۔ | vi | جہاد کی کوئی سی دو صورتیں بیان کیجیے۔ |
| vii | ایک سچے اور ایماندار مسلمان تاجر کی فضیلت حدیث کی رو سے تحریر کیجیے۔ | viii | " اُكْتُبْ " فعل امر کا کون سا صیغہ ہے ؟ |

**سوال نمبر: 4** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | " اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ " کا ترجمہ کیجیے۔ | ii | اسلام نے فضول خرچی سے کیوں منع کیا ہے ؟ |
| iii | حسد کے کوئی سے دو نقصانات لکھیے۔ | iv | " ایک مسلمان کی تمام تر زندگی عبادت ہے " وضاحت کیجیے۔ |
| v | ایک معلم کی حیثیت سے انسان کے اہم فرائض لکھیے۔ | vi | قانونی مساوات سے کیا مراد ہے ؟ |
| vii | حیاء کے کوئی سے دو مراتب لکھیے۔ | viii | " وَلَنْ نُطِيْعَ " کونسا مرکب ہے ؟ اور اس کا کوئی ایک اصول لکھیے۔ |

( حصہ دوم )

**سوال نمبر: 5** درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجیے۔ 5+5

(الف) خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰۤى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

(ب) وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ۝

(ج) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝

**سوال نمبر: 6** درج ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ و تشریح کیجیے۔ 5

(الف) اِنَّ دِمَآءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ

(ب) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ

**سوال نمبر: 7** درج ذیل اجزاء میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 5+5

(الف) طہارت جسم اور طہارت لباس کیوں ضروری ہے ؟ کیا اس کے بغیر عبادت ممکن ہے وضاحت کیجیے۔

(ب) حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ججوں اور قاضیوں کے لیے ایک ضابطہ اخلاق دیا ہے ان اصولوں کو تحریر کیجیے۔

(ج) فرض شناسی سے کیا مراد ہے ؟ اللہ تعالیٰ نے انسان پر جو فرائض عائد کیے ہیں ان کو کہاں تک پورا کرنا لازمی ہے ؟ وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر: 8** اسم ضمیر منفصل کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں تحریر کیجیے۔ 2+3

یا

جملہ اسمیہ کی تعریف کیجیے اور تین مثالیں عربی میں لکھیے۔

PahloPakistan.com